34183 ـ اسٹریلیا کے حجاج کرام کا میقات

سوال

ہم اسٹریلیا میں رہتے ہیں ، اور اس برس بہت سارے اسٹریلین مسلمان فریضہ حج کی ادائیگي کے لیے جائیں گے ، مثلا ہم سڈنی سے سفر کریں گے اورتین جگہوں میں سے ایک ہوائي اڈا پہلا سٹاپ ہوگا : جدہ ، ابوظبی ، بحرین ، توہمارے احرام کا میقات کہاں ہوگا ؟
کیا ہم سڈنی سے احرام باندھیں گے یا کسی اورجگہ سے ؟ امیدہے کہ آپ جواب سے نوازیں گے آپ کا شکریہ ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

نہ توسڈنی اورنہ ہی ابوظبی اوربحرین حج اورعمرہ کے لیے میقات ہے ، اورنہ ہی آپ جیسے لوگوں کے لیے جدہ ہی میقات ہے بلکہ یہ تواس کے رہائشی لوگوں کے لیے میقات ہے ۔

بلکہ تم پرواجب ہے کہ تم فضائي راستے سے گزرواورمکہ جانے کا ارادہ ہو توسب سے پہلے میقات سے احرام باندھو کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میقات مقرر کرتے وقت فرمایا تھا : [1]

(یہ اہل میقات کے لیے بھی میقات ہیں اوران کےلیے بھی جوحج اورعمرہ کرنے کےلیے یہاں سے گزریں ان کے لیے بھی میقات ہیں) ۔

اورآپ کےلیے یہ ممکن ہے کہ آپ ہوائي جہاز کے عملہ کے ارکان سے میقات سے گزرنے سے قبل ہی میقات کا پوچھ لیں ، اوراگر آپ لوگ میقات سے قبل ہی احرام پہن لیں اوراس خدشہ سے کہ کہیں بغیر احرام ہی میقات سے تجاوز نہ کرجائیں میقات سے قبل ہی تلبیہ بھی کہہ لیں تواس میں کوئي حرج نہیں ۔

اوررہا مسئلہ احرام کی تیاری یعنی غسل اورصفائي وغیرہ اوراحرام کی چادریں پہننا تویہ (میقات سے قبل)کسی بھی جگہ ہوسکتی ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .